پیر محمد چشتی چترالی کی مسلکِ اہلسنّت اور
فکرِ امام احمد رضا خان علیہ الرحمۃ کے خلاف سازش
کی

نقاب کُشائی

بمع فتاوی علمائے اہلسنّت

از قلم: محمد عارف علی قادری
ایم۔ اے اسلامیات

انجمن فکرِ رضا پاکستان (شاہ کوٹ)

پیر محمد چشتی چترالی کی مسلکِ اہلسنت اور
فکرِ امام احمد رضا خان علیہ الرحمۃ کے خلاف سازش

کی

نقاب کشائی

بمعہ فتاوٰی علمائے اہلسنت

از قلم: محمد عارف علی قادری

ایم۔اے اسلامیات

انجمن فکرِ رضا پاکستان (شاہ کوٹ)

نام کتاب .... نقاب کشائی

مصنف .... محمد عارف علی قادری، ایم اے اسلامیات

مقدمہ .... مولانا محمد کاشف اقبال مدنی رضوی

ناشر .... انجمن فکرِ رضا پاکستان (شاہکوٹ)

سرورق .... محمد خرم عمر

کمپوزنگ .... محمد سہیل ناظم

سنِ اشاعت 2005ء

قیمت .... -/32 روپے

☆ ملنے کا پتہ ☆

۱- عارف علی قادری نظام پورہ دیوا سنگھ چک 38 تحصیل صفدر آباد

ضلع شیخوپورہ ڈاکخانہ شاہکوٹ پوسٹ کوڈ 39630

فون نمبر: 056-3712531 P.P

موبائل نمبر: 0300-7677187 - 0333-6612039

۲۔ مسلم کتابوی دربار مارکیٹ گنج بخش روڈ لاہور

۳۔ مسلم دین سنٹر مارکر سٹریٹ 7 لوئر مال لاہور

۱۷۔ حضرت ابوذر سے مروی رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

☆...... مجھے اپنی امت پر دجال کے سوا اور لوگوں کا اندیشہ ہے وہ گمراہ کرنے والے پیشوا ہیں۔ (مسند امام احمد ج ۵ ص ۱۴۵)

۱۸۔ حضرت ابو امامہ راوی ہیں رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

☆...... بہت عابد جاہل ہوں گے اور بہت عالم تباہ کار تو جاہل عابدوں اور تباہ کار علماء سے بچو۔ (کامل ابن عدی ج ۲ ص ۱۴)

۱۹۔ حضرت ابو امامہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

☆...... عنقریب آخر زمانے میں کچھ مولوی مُلا نے ہوں گے جیسے کیڑے تو جو وہ زمانہ پائے ان سے پناہ مانگے۔ (حلیۃ الاولیاء ج ۳ ص ۴۱)

۲۰۔ حضرت عمران بن حصین راوی رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

☆...... مجھے اپنی امت پر سب سے زیادہ خوف دل کے منافق اور زبان کے مولوی کا ہے۔ (کنوز الحقائق ص ۱۹۲)

۲۱۔ حضرت انس سے روایت رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

☆...... (ان بد مذہبوں کے) پاس نہ بیٹھو ان کے ساتھ نہ پانی پیو، نہ کھانا کھاؤ، نہ ان سے نکاح کرو۔ (عقیلی ج ۱ ص ۱۲۶)

۲۲۔ حضرت ابن عمر سے مروی رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

☆...... ہر امت میں کچھ مجوسی ہوتے ہیں میری امت کے مجوسی وہ لوگ ہیں جو تقدیر کے منکر ہیں اگر بیمار پڑیں تو ان کی عیادت نہ کرو اگر مر جائیں تو ان کے جنازے پر نہ جاؤ۔ (کنزل العمال ج ۱ ص ۱۱۸، مسند امام احمد ج ۲ ص ۵۶۔)

۲۳۔ امیر المومنین حضرت عمر بن خطاب سے روایت رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: کہ

☆...... تقدیر کے منکرین کے پاس نہ بیٹھو، نہ ان سے کلام کرو۔

(ابوداؤد ج ۲ ص ۶۴۹، کنز العمال ج ۱ ص ۱۷۹، مسند امام احمد ج ۱ ص ۳۰، مستدرک ج ۱ ص ۸۵)

۲۴۔ حضرت عمر سے روایت رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا

☆...... قدریوں کے پاس نہ بیٹھو اور نہ ان کو سلام کرو اور ان کے کسی معاملے میں نہ جاؤ۔ (تاریخ مدینہ دمشق ابن عساکر ج ۳۷ ص ۲۹۷)

اس مفہوم کی روایت دیکھیے۔ (ابن عساکر ج ۳۷ ص ۲۹۶)

ان آیات کریمہ اور احادیث مبارکہ سے ثابت ہوتا ہے بد مذہبوں سے قطع تعلق رہنا ہی ایمان کی حفاظت کا باعث ہے ان سے میل جول سے ایمان کی تباہی کا اندیشہ ہے۔

اس پرفتن دور میں نت نئے فتنے جنم لے رہے ہیں یہاں تک کہ بڑے بڑے نام نہاد علماء اسی صلح کلیت کی رو سے میں بہہ پڑے علماء و مشائخ کی ذمہ داری ہے کہ ایسے فتنوں سے عوام الناس کو باخبر کریں تا کہ عام لوگ ان سے ایمان بچا سکیں عزیز القدر محمد عارف علی قادری سلمہٗ نے ایسے ہی ایک فتنے کی نقاب کشائی کی ہے اور دعوت فکر پیش کی ہے کاش وہ حضرت رجوع الی الحق فرمالیں تا کہ اس فتنہ کا سدباب ہو سکے ورنہ علماء و مشائخ خود اور دیگر احباب کو ایسے تمام صلح کلی حضرات سے اور ان کی محبت سے بچائیں، اس میں اہلسنت کی بقا ہے۔

مولیٰ تعالیٰ اپنے حبیب ﷺ کے وسیلہ جلیلہ سے عزیزم کی اس محنت کو قبول فرمائے اور ہم سب کو مذہب حق اہلسنت و جماعت پر استقامت عطا فرمائے۔ آمین۔

والسلام

محمد کاشف اقبال مدنی

جامعہ غوثیہ رضویہ مصباح القرآن

شاہ کوٹ ضلع شیخوپورہ

۵ محرم الحرام ۱۴۲۶ء